**Signature and Name of Invigilator**

1. (Signature) ______________________

(Name) ______________________

2. (Signature) ______________________

(Name) ______________________

**OMR Sheet No. :** ..............................................
(To be filled by the Candidate)

**Roll No.** | | | | | | | | |
(In figures as per admission card)

**Roll No.** ______________________
(In words)

**D 2 8 1 5**

# PAPER - III
# URDU

**Time : 2½ hours]** **[Maximum Marks : 150**

Number of Pages in this Booklet : **12**

Number of Questions in this Booklet : **75**

## Instructions for the Candidates

1. Write your roll number in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of seventy five multiple-choice type of questions.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as below :
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page. Do not accept a booklet without sticker-seal and do not accept an open booklet.
   (ii) **Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to pages/questions missing or duplicate or not in serial order or any other discrepancy should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.**
   (iii) After this verification is over, the Test Booklet Number should be entered on the OMR Sheet and the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each item has four alternative responses marked (1), (2), (3) and (4). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.

   **Example :** ① ② ● ④ where (3) is the correct response.
5. Your responses to the items are to be indicated in the **OMR Sheet given inside the Booklet only.** If you mark your response at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read instructions given inside carefully.
7. Rough Work is to be done in the end of this booklet.
8. If you write your Name, Roll Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, such as change of response by scratching or using white fluid, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return the original OMR Sheet to the invigilators at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are however, allowed to carry original question booklet and duplicate copy of OMR Sheet on conclusion of examination.
10. **Use only Blue/Black Ball point pen.**
11. **Use of any calculator or log table etc., is prohibited.**
12. **There are no negative marks for incorrect answers.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. इस पृष्ठ के ऊपर नियत स्थान पर अपना रोल नम्बर लिखिए।
2. इस प्रश्न-पत्र में पचहत्तर बहुविकल्पीय प्रश्न हैं।
3. परीक्षा प्रारम्भ होने पर, प्रश्न-पुस्तिका आपको दे दी जायेगी। पहले पाँच मिनट आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने तथा उसकी निम्नलिखित जाँच के लिए दिये जायेंगे, जिसकी जाँच आपको अवश्य करनी है :
   (i) प्रश्न-पुस्तिका खोलने के लिए पुस्तिका पर लगी कागज की सील को फाड़ लें। खुली हुई या बिना स्टीकर-सील की पुस्तिका स्वीकार न करें।
   (ii) **कवर पृष्ठ पर छपे निर्देशानुसार प्रश्न-पुस्तिका के पृष्ठ तथा प्रश्नों की संख्या को अच्छी तरह चैक कर लें कि ये पूरे हैं। दोषपूर्ण पुस्तिका जिनमें पृष्ठ/प्रश्न कम हों या दुबारा आ गये हों या सीरियल में न हों अर्थात किसी भी प्रकार की त्रुटिपूर्ण पुस्तिका स्वीकार न करें तथा उसी समय उसे लौटाकर उसके स्थान पर दूसरी सही प्रश्न-पुस्तिका ले लें। इसके लिए आपको पाँच मिनट दिये जायेंगे। उसके बाद न तो आपकी प्रश्न-पुस्तिका वापस ली जायेगी और न ही आपको अतिरिक्त समय दिया जायेगा।**
   (iii) इस जाँच के बाद प्रश्न-पुस्तिका का नंबर OMR पत्रक पर अंकित करें और OMR पत्रक का नंबर इस प्रश्न-पुस्तिका पर अंकित कर दें।
4. प्रत्येक प्रश्न के लिए चार उत्तर विकल्प (1), (2), (3) तथा (4) दिये गये हैं। आपको सही उत्तर के वृत्त को पेन से भरकर काला करना है जैसा कि नीचे दिखाया गया है।

   **उदाहरण :** ① ② ● ④ जबकि (3) सही उत्तर है।
5. प्रश्नों के उत्तर **केवल प्रश्न पुस्तिका के अन्दर दिये गये OMR पत्रक पर ही** अंकित करने हैं। यदि आप OMR पत्रक पर दिये गये वृत्त के अलावा किसी अन्य स्थान पर उत्तर चिन्हांकित करते हैं, तो उसका मूल्यांकन नहीं होगा।
6. अन्दर दिये गये निर्देशों को ध्यानपूर्वक पढ़ें।
7. कच्चा काम (Rough Work) इस पुस्तिका के अन्तिम पृष्ठ पर करें।
8. यदि आप OMR पत्रक पर नियत स्थान के अलावा अपना नाम, रोल नम्बर, फोन नम्बर या कोई भी ऐसा चिह्न जिससे आपकी पहचान हो सके, अंकित करते हैं अथवा अभद्र भाषा का प्रयोग करते हैं, या कोई अन्य अनुचित साधन का प्रयोग करते हैं, जैसे कि अंकित किये गये उत्तर को मिटाना या सफेद स्याही से बदलना तो परीक्षा के लिये अयोग्य घोषित किये जा सकते हैं।
9. आपको परीक्षा समाप्त होने पर मूल OMR पत्रक निरीक्षक महोदय को लौटाना आवश्यक है और परीक्षा समाप्ति के बाद उसे अपने साथ परीक्षा भवन से बाहर न लेकर जायें। हालांकि आप परीक्षा समाप्ति पर मूल प्रश्न-पुस्तिका तथा OMR पत्रक की डुप्लीकेट प्रति अपने साथ ले जा सकते हैं।
10. **केवल नीले/काले बाल प्वाईंट पेन का ही इस्तेमाल करें।**
11. **किसी भी प्रकार का संगणक (कैलकुलेटर) या लाग टेबल आदि का प्रयोग वर्जित है।**
12. **गलत उत्तरों के लिए कोई नकारात्मक अंक नहीं हैं।**

## URDU
## PAPER - III

**Note :** This paper contains **seventy five (75)** objective type questions of **two (2)** marks each. **All** questions are **compulsory**.

**نوٹ** : اس پرچہ میں پچھتر **(75)** معروضی سوالات ہیں جن میں ہر ایک کے لئے دو **(2)** مارکس مختص ہیں۔ تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

**1.** ''باغ و بہار'' کا پہلا درویش کس کا بیٹا تھا ؟

(1) بادشاہ آزاد بخت (2) فارس کا شاہزادہ (3) ملک التجار خواجہ احمد (4) عجم کا شاہزادہ

**2.** ان میں کون سی تصنیف رجب علی بیگ سرور کی نہیں ہے ؟

(1) فسانۂ عجائب (2) مذہبِ عشق (3) شرارِ عشق (4) شگوفۂ محبت

**3.** درج ذیل میں سے کون سا کردار ''فسانۂ عجائب'' کا نہیں ہے ؟

(1) شہزادہ جان عالم (2) ملکہ مہر نگار (3) محمودہ (4) انجمن آرا

**4.** شبلی کے خطوط کا تیسرا مجموعہ کس نے ترتیب دیا تھا ؟

(1) سید سلیمان ندوی (2) منشی امین الدین زبیری (3) عبدالسلام ندوی (4) صباح الدین عبدالرحمان

**5.** خواجہ امان دہلوی نے کس داستان کا ترجمہ کیا ؟

(1) طلسمِ ہوش رُبا (2) قصّہ چہار درویش (3) بوستانِ خیال (4) قصہ حاتم طائی

**6.** غزل کس زبان کا لفظ ہے ؟

(1) ترکی (2) اُزبک (3) عربی (4) ہندی

**7.** ''گلاب کی واپسی'' کس کا ڈرامہ ہے ؟

(1) خواجہ احمد عباس (2) آغا حشر (3) محمد مجیب (4) حبیب تنویر

**8.** ان میں سے کون سا مجموعہ مخدوم محی الدین کا نہیں ہے ؟

(1) سرخ سویرا (2) رخسارِ سحر (3) بساطِ رقص (4) گُل تر

9. ''خطباتِ احمدیہ'' کل کتنے خطبات پر مشتمل ہے ؟

(1) دس (2) بارہ (3) چودہ (4) سولہ

10. ان میں سے کون سی مثنوی میر تقی میر کی نہیں ہے ؟

(1) دریائے عشق (2) جوشِ عشق (3) ہنگامۂ عشق (4) خواب وخیال

11. ''اندازِ نظر'' اور ''حرف آشنا'' کس کے شعری مجموعے ہیں ؟

(1) سردار جعفری (2) جذبی (3) مجاز (4) جان نثار اختر

12. یگانہؔ کی غزلوں کا انتخاب'' گنجینہ'' کس نے ترتیب دیا تھا ؟

(1) کیفی اعظمی (2) علی سردار جعفری (3) حسرت موہانی (4) اصغر

13. کرشن چندر کے پہلے افسانوی مجموعے کا کیا نام ہے ؟

(1) ہم وحشی ہیں (2) زندگی کے موڑ پر (3) طلسمِ خیال (4) پُرانے خُدا

14. ''سروری کے چوکے پر آج پھر صاف ستھری جازم بچھی تھی۔ٹوٹی پھوٹی کھپریل کی جھرّیوں سے دھوپ کے آڑھے ترچھے قتلے پورے دالان میں بکھرے ہوئے تھے۔ محلےلوٹے کی عورتیں خاموش اور سہمی ہوئی بیٹھی تھیں جیسے بڑی واردات ہونے والی ہو۔''

مذکورہ عبارت کس کے افسانے کی ہے ؟

(1) عصمت چغتائی (2) کرشن چندر (3) احمد علی (4) سعادت حسن منٹو

15. پنجاب کے دیہات کی معاشرت کی عکاسی کس افسانہ نگار نے کی ہے ؟

(1) پریم چند (2) راجندر سنگھ بیدی (3) حیات اللہ انصاری (4) قاضی عبدالستار

16. خواجہ احمد عباس کا پہلا افسانہ کون سا ہے ؟

(1) ایک لڑکی (2) نیلی ساڑی (3) ابابیل (4) میں کون ہوں

17. بیرن! ہمری ناوَ پڑی بیچ سمندر دھار
کھِیون ہارو چل بسے اب پار کرو کرتار
اس گیت کے ٹکڑے کو قرۃ العین نے اپنے کس ناول میں استعمال کیا ہے ؟
(1) کارِ جہاں دراز ہے (2) چاندنی بیگم (3) سفینۂ غمِ دل (4) میرے بھی صنم خانے

18. صدق خلیل بھی ہے عشق، صبرِ حسین بھی ہے عشق
معرکۂ وجود میں بدر و حسنین بھی ہے عشق
یہ شعر اقبال کی کس نظم سے ماخوذ ہے ؟
(1) خضرِ راہ (2) مسجد قرطبہ (3) طلوعِ اسلام (4) ذوق و شوق

19. درج ذیل میں سے کون سا مجموعہ جوش ملیح آبادی کا ہے ؟
(1) کلیم (2) شعر انقلاب (3) سریلی بانسری (4) حرف و حکایت

20. درج ذیل میں سے کون سی اصطلاح صوتیات سے متعلق نہیں ہے ؟
(1) تلفظ کار (2) مقام تلفظ (3) صوت کار (4) طریقۂ تلفظ

21. ان میں سے آغا حشر کاشمیری کا کون سا ڈراما المیہ ہے ؟
(1) مارِ آستین (2) اسیرِ حرص (3) آنکھ کا نشہ (4) رستم و سہراب

22. فضل دین منٹو کے کس افسانے کا کردار ہے ؟
(1) ٹوبہ ٹیک سنگھ (2) نیا قانون (3) کھول دو (4) غسل خانہ

23. ان میں سے کون افسانہ نگار فلم ساز بھی ہے ؟
(1) علی عباس حسینی (2) قرۃ العین حیدر (3) رشید جہاں (4) خواجہ احمد عباس

24. مرزا دبیر کی جائے پیدائش کہاں ہے ؟
(1) لکھنؤ (2) دلّی (3) فیض آباد (4) حیدر آباد

25. ''آثارالصنادید'' کا دوسرا ایڈیشن کس سنہ میں شائع ہوا ؟

(1) 1850 (2) 1854 (3) 1853 (4) 1852

26. حبیب تنویر کا ڈراما ''آگرہ بازار'' سب سے پہلے کہاں اسٹیج ہوا ؟

(1) دہلی یونیورسٹی کیمپس (2) جامعہ ملیہ اسلامیہ کیمپس

(3) سری رام سینٹر دہلی (4) این۔ایس۔ڈی۔اوپن ایر تھیٹر

27. ''حقیقت کو اس کی مختلف شکلوں میں پہچاننے کے لیے ہر افسانے کے مواد کا مطالعہ سماجی اور معاشی رجحانات، طبقاتی تضاد اور جہدِ حیات کی روشنی میں کرنا چاہئے۔''

یہ کس تنقید نگار کا بیان ہے ؟

(1) آل احمد سرور (2) احتشام حسین (3) عابد علی عابد (4) محمد حسن

28. ''بانگ درا'' کی پہلی نظم کون سی ہے ؟

(1) ترانۂ ملّی (2) ہمالہ (3) ترانۂ ہندی (4) نیا شوالہ

29. عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

یہ شعر اقبال کی کس نظم سے ماخوذ ہے ؟

(1) شمع و شاعر (2) شمع و پروانہ (3) طلوعِ اسلام (4) خضرِ راہ

30. آغا حشر کاشمیری کا پہلا ڈراما کون سا ہے ؟

(1) آفتابِ محبت (2) بلوا منگل (3) یہودی کی لڑکی (4) ترکی حور

31. حبشی مبارک اور بادشاہ ملک صادق کس داستان کے کردار ہیں ؟

(1) فسانۂ عجائب (2) بوستانِ خیال (3) آرائشِ محفل (4) باغ و بہار

32. ایمان کی سند ہے محبت حُسین کی مثل نماز فرض ہے طاعت حسین کی
ہفتاد حج ہیں ایک زیارت حسین کی واجب ہے کائنات پہ بیعت حسین کی
دنیا و دیں کا بیرتِ مولا سے چین ہے
ایمان، زیردست جناب حسین ہے

مذکورہ بند کس کے مرثیہ کا ہے ؟

(1) سلامت علی دبیؔر (2) مرزا سوداؔ (3) میر ضاحک (4) میر انیسؔ

33. نصیر الدین ہاشمی نے کس داستان کے بارے میں لکھا ہے'' یہ تصوف کی بہترین کتاب ہے جس کو فرضی قصہ کے طور پر لکھا ہے۔''

(1) نوطرز مرصّع (2) سب رس (3) قصہ مہر افروز و دلبر (4) باغ و بہار

34. انگارے کے مصنفین نفسیاتی نقطۂ نظر سے فرائڈ، فنی نقطہ نظر سے جیمس جوائس اور معاشی نقطۂ نظر سے کارل مارکس کے مقلد تھے۔

یہ بیان کس ناقد کا ہے ؟

(1) محمد حسن عسکری (2) کلیم الدین احمد (3) آل احمد سرور (4) رشید احمد صدیقی

35. کس مثنوی کو دکنی زبان کا شاہنامہ قرار دیا گیا ہے ؟

(1) گلشنِ عشق (2) علی نامہ (3) تاریخ اسکندری (4) یوسف زلیخا

36. ذیل میں سے کون سا بیان پریم چند کا ہے ؟

(1) ہمیں حسن کا معیار مقرر کرنا ہوگا (2) ہمیں حُسن کا معیار تبدیل کرنا ہوگا
(3) ہمیں حسن کا معیار طئے کرنا ہوگا (4) ہمیں حسن کا معیار بلند کرنا ہوگا

37. آگ ہے، اولادِ ابراہیم ہے، نمرود ہے
کیا کسی کو پھر کسی کا امتحاں مقصود ہے

اس شعر میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے ؟

(1) استعارہ (2) تشبیہ (3) تلمیح (4) کنایہ

.38 میر انیس نے لکھنؤ سے باہر کہاں مرثیہ پڑھا تھا ؟

(1) کلکتہ (2) دہلی (3) بھوپال (4) حیدرآباد

.39 ''اقبال انسانیت کو فطرت کا محبوب ترین اور مکمل ترین جوہر سمجھتے ہیں۔ ان کے خیال میں فطرت ہستی ابھی خوب سے خوب تر کی جستجو میں ہے۔ ان کا فلسفۂ حیات زندگی اور موت دونوں کا ایک بلند تصور رکھتا ہے۔''

یہ رائے کس کی ہے ؟

(1) آل احمد سرور (2) مجنوں گورکھپوری (3) احتشام حسین (4) عزیز احمد

.40 کلی پہ بیلے کی کس ادا سے پڑا ہے شبنم کا ایک موتی

نہیں، یہ ہیرے کی کیل پہنے کوئی پری مسکرا رہی ہے

اس شعر میں ہیرے کی کیل سے کیا مراد ہے ؟

(1) بیلا (2) کلی (3) شبنم کی بوند (موتی) (4) پری

.41 ''غالب بحیثیت محقق'' کس کی تصنیف ہے ؟

(1) عبدالرحمان بجنوری (2) رشید حسن خان (3) مختار الدین احمد آرزو (4) قاضی عبدالودود

.42 ''جس قید خانے میں جہاں صبح روز مسکراتی ہو، جہاں دوپہر روز چمکے، شفق ہر روز نکھرے، پرند ہر صبح و شام چہکیں، اسے قید خانہ ہونے پر بھی عیش و مسرت کے سامانوں سے خالی کیوں سمجھ لیا جائے ؟''

مذکورہ عبارت کس کتاب سے لی گئی ہے ؟

(1) نیرنگ خیال (2) غبارِ خاطر (3) سی پارۂ دل (4) فردوسِ بریں

.43 مارگریٹ، جیمس کرا کسلے اور میری پاول کس ناول کے کردار ہیں ؟

(1) کارِ جہاں دراز ہے (2) اُداس نسلیں (3) گُریز (4) ایسی بلندی، ایسی پستی

.44 قرۃ العین حیدر کی پیدائش کس شہر میں ہوئی ؟

(1) بجنور (2) علی گڈھ (3) لکھنؤ (4) دہلی

45. کون سی تنقیدی کتاب احتشام حسین کی نہیں ہے ؟

(1) تنقیدی جائزے (2) تنقید اور عملی تنقید (3) تنقیدی تناظر (4) ذوقِ ادب اور شعور

46. کس داستان کا ترجمہ انگریزی، فرانسیسی، پرتگالی اور لاطینی زبانوں میں ہوا ؟

(1) داستان امیر حمزہ (2) بوستانِ خیال (3) باغ و بہار (4) فسانۂ عجائب

47. ہندوستانی ترقی پسند ادیبوں کی انجمن کے پہلے صدر کون مقرر ہوئے ؟

(1) محمد دین تاثیر (2) اقبال (3) ملک راج آنند (4) سجّاد ظہیر

48. ''سیر زندگی'' کس کا مضمون ہے ؟

(1) حالی (2) پطرس بخاری (3) شبلی (4) محمد حسین آزاد

49. شورسینی پراکرت کا مرکز کہاں تھا ؟

(1) حیدرآباد (2) لاہور (3) متھرا (4) کلکتہ

50. ''میں ایک میاں ہوں۔'' کس کا انشائیہ ہے ؟

(1) کنہیالال کپور (2) فرحت اللہ بیگ (3) رشید احمد صدیقی (4) پطرس بخاری

51. ''ڈاسنہ اسٹیشن کا مسافر'' کس شاعر کی نظم ہے ؟

(1) فیض (2) مجاز (3) اختر الایمان (4) جاں نثار اختر

52. تیری آمد کی تصدق، ترے جلوؤں کے نثار

آ، مری قبر پہ آ، حشر کا سامان بھی لا

کس کا شعر ہے ؟

(1) حسرتؔ (2) فانیؔ (3) فراقؔ (4) شادؔ

53. ''فریبِ ہستی'' اور ''سہاگن بیوہ'' کس شاعر کی نظمیں ہیں ؟

(1) حالیؔ (2) سرورؔ جہان آبادی (3) چکبستؔ (4) جوشؔ ملیح آبادی

54. ''جانوروں میں گدھا سب سے بےوقوف سمجھا جاتا ہے۔ جب ہم کسی کو پرلے درجے کا احمق کہنا چاہتے ہیں تو اُسے گدھا کہتے ہیں۔''
یہ عبارت کس کے افسانے کی ہے ؟
(1) کرشن چندر (2) پریم چند (3) حیات اللہ انصاری (4) سعادت حسن منٹو

55. ''اندر سبھا امانت'' میں کتنی پریاں ہیں ؟
(1) تین (2) پانچ (3) چار (4) چھ

56. ''مستقبل'' اور ''مدرسۂ علی گڑھ'' کس کی نظمیں ہیں ؟
(1) محمد حسین آزاد (2) شبلی نعمانی (3) الطاف حسین حالی (4) اکبر الہ آبادی

57. ثناء اللہ کس شاعر کا اصل نام ہے ؟
(1) ن۔م۔راشد (2) میراجی (3) اختر الایمان (4) جان نثار اختر

58. قرۃ العین حیدر کے ناولوں کی زمانی لحاظ سے کون سی ترتیب درست ہے ؟
(1) آگ کا دریا، آخر شب کے ہمسفر، سفینۂ غمِ دل، میرے بھی صنم خانے
(2) میرے بھی صنم خانے، آخر شب کے مسافر، آگ کا دریا، سفینۂ غمِ دل
(3) میرے بھی صنم خانے، آگ کا دریا، سفینۂ غمِ دل، آخر شب کے ہمسفر
(4) میرے بھی صنم خانے، سفینۂ غمِ دل، آگ کا دریا، آخر شب کے ہمسفر

59. ''نقد الشعر'' کا مصنف کون ہے ؟
(1) قدامہ ابن جعفر (2) جاحظ (3) ابن قتیبہ (4) ابن خلدون

60. شبیہ الحسن کا تعلق کس تنقیدی دبستان سے ہے ؟
(1) مارکسی تنقید (2) اسلوبیاتی تنقید (3) جمالیاتی تنقید (4) نفسیاتی تنقید

61. تصنیف ''دھونیہ لوک'' میں دھونی کا نظریہ کس نے پیش کیا ہے ؟
(1) ابھینو گپت (2) آچاریہ بھٹنا یک (3) آنند وردھن (4) آچاریہ شنکک

62. اردو کی کس معروف مثنوی میں ''مذہبِ عشق'' کا نثری قصہ منظوم ہوا ہے ؟

(1) خواب وخیال (2) قطب مشتری (3) گلشنِ عشق (4) گلزارِنسیم

63. غالب نے کس شہر کو اپنے خط میں ''دارالسرور'' کے نام سے یاد کیا ہے ؟

(1) بنارس (2) لکھنؤ (3) رام پور (4) کلکتہ

64. مرزا صاحب! میں نے وہ تحریر ایجاد کی ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا۔ مرزا صاحب سے کون مراد ہیں ؟

(1) مرزا تفتہ (2) مرزا حاتم علی مہر (3) مرزا قادر بخش (4) مرزا یوسف

65. ''دونوں (غالب اور گوئٹے) اقلیم سخن کے شہنشاہ ہیں۔ تہذیب وتمدن، تعلیم، تربیت، فطرت ،کوئی زندگی کا ایسا پہلو نہیں جس پر دونوں کا اثر نہ پڑا ہو .... شاعری کا دونوں پر خاتمہ ہو گیا۔''

یہ خیالات کس ناقد کے ہیں ؟

(1) عبدالحلیم شرر (2) آل احمد سرور (3) عبدالرحمان بجنوری (4) مالک رام

66. سرسید نے ''آئین اکبری'' پر تفریظ لکھنے کی فرمائش کس سے کی تھی ؟

(1) شبلی (2) حالی (3) غالب (4) مولانا صہبائی

67. ''خمخانۂ جاوید'' کیا ہے ؟

(1) تنقید (2) تذکرہ (3) سوانح (4) خودنوشت

68. ناول ''فسانۂ آزاد'' کس اخبار میں قسط وار چھپا ؟

(1) اودھ پنچ (2) اودھ اخبار (3) اُردو اخبار (4) جامِ جہاں نما

69. قصیدے کا دوسرا جزو کیا کہلاتا ہے ؟

(1) مدح (2) تشبیب (3) گریز (4) دعا

70. شمالی ہند میں شعرائے اردو کا پہلا تذکرہ کون سا ہے ؟

(1) مخزنِ نکات (2) تذکرہ گردیزی (3) تذکرۂ میر حسن (4) نکات الشعراء

71. کرشن چندر کے افسانے ''اَن داتا'' کا موضوع کیا ہے ؟

(1) انقلابِ روس (2) پہلی جنگِ عظیم (3) تقسیمِ ہند (4) قحطِ بنگال

72. ''عیارستان'' کس کی کتاب ہے ؟

(1) مختارالدین احمد (2) مالک رام (3) قاضی عبدالودود (4) امتیاز علی خان عرشی

73. ذیل میں سے کون سا تذکرہ پروفیسر محمود شیرانی نے مرتب کیا ہے ؟

(1) تذکرہ مجموعۂ نغز (2) تذکرہ مسرت افزا (3) تذکرہ دستورالفصاحت (4) تذکرہ گلشنِ ہند

74. ''ادبی تحقیق : مسائل و تجزیہ'' کس کی کتاب ہے ؟

(1) محی الدین قادری زور (2) قاضی عبدالودود (3) رشید حسن خان (4) امتیاز علی خان عرشی

75. ان میں سے کون سی کتاب ڈاکٹر محی الدین قادری زور کی ہے ؟

(1) تزکِ جہانگیری (2) عاشورنامہ (3) اصولِ تحقیق (4) اُردو شہ پارے

- o O o -

**Space For Rough Work**